مقدس سلویسٹر (پاپائے اعظم)

آپ کی ابتدائی زندگی کے بارے میں کچھ زیادہ معلومات حاصل نہیں ہیں۔تاہم آپ روم میں پیدا ہوئے اور ایذا رسانیوں کے دوران ہی آپ نے بپتسمہ پایا۔بعد ازاں 314 میں پاپائے اعظم منتخب ہوئے اور آپ 335 تک کلیسیا کی رہنمائی کرتے رہے۔کہا جاتا ہے کہ کونسٹنٹائن نے آپ کو بھی کافی اذیتیں دی تھیں۔اور جب ایک بار وہ جذام کے مرض کا شکار ہوا تو وہ علاج کی خاطر غیر قوموں کے کاہنوں کے پاس شفا کے لئے جائے۔اُس نے ایسا ہی کیا اور جب بپتسمہ پایا تو معجزانہ طور پر وہ تندرست ہو گیا اور اسی وجہ سے اُس نے مسیحیوں پر ظلم وتشدد کروانا بند کر دیا۔آپ نے اِسے خدا کی رضا سمجھ کر کلیسیا میں بہت سخت محنت اور کام کیا۔جگہ جگہ مشہور گرجا گھر بنوائے ،شہیدوں کی آخری آرام گاہیں بھی تعمیر کروائیں اور لطّوریائی موسیقی کیلئے آپ نے ایک سکول بھی قائم کیا۔نقائیہ کی مجلس میں آپ نے نمائندگان بھیجے اور آپ ہی نے کلیسیا کیلئے دیگر قواعد کے ساتھ بدھ، جمعہ اور ہفتہ کو روزوں کے ایام قرار دیئے۔اسِ طرح آپ بہترین ومثالی خدمت کرنے کے بعد سن 335 کو خداوند میں ابدی نیند سو گئے۔

اے خداوند ہمارے خدا! ہم تیرا شکر ادا کرتے ہیں کہ تُو ہر حال میں اپنی کلیسیا کی مدد اور راہنمائی کرتا ہے۔ تُو ہی انسانوں کے دلوں کو تبدیل کرتا ہے۔ عنایت کر کہ مقدس سلویسٹر کی دُعاؤں سے کلیسیا ہر جگہ امن سے رہے اور ترقی کرتی جائے۔ آمین